Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالهم و ملکهم

نمبر } مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۱ شوال المکرم ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۷ جنوری ۱۹۳۴ء { جلد

حصہ دیگر

خلاصہ احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان

(۱) احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲	(۶) حکم صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر	۹
(۲) احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	۴	(۷) نقشہ اجناس	۱۰
(۳) احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۵	(۸) نقشہ حیات ممات	۱۱
(۴) فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۶		
(۵) حکم اجلاس صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ	۹		

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

عطائے تعطیل

۲۰ جنوری ۱۹۳۴ء

بہ تقریب تولد مسعود بہ مشکوئے اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم کل بتاریخ ۲۱ ماہ حال ایک یوم کی تعطیل حسب ایمائے ہمایوں جملہ دفاتر و مدارس وغیرہ کے لئے منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روانگی

۲۱ جنوری ۱۹۳۴ء

میں اور صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر آج شب میں بکار سرکار دہلی جائیں گے۔ اور دو روز وہاں قیام رہیگا۔ ہماری غیر موجودگی میں ایمائے ہمایوں ہے کہ چیف منسٹر اور پولیٹیکل منسٹر کے دفاتر کا کام صاحب فائنس منسٹر بہادر انجام دیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

عطائے تعطیل

واقع ۲۳ جنوری ۱۹۳۴ء

ہز ایکسلنسی نواب گورنر بہادر بتاریخ ۲۵ جنوری ۱۹۳۴ء کو رامپور تشریف لائیں گے۔ ایمائے ہمایوں ہے کہ اس تاریخ جملہ دفاتر وغیرہ میں عام تعطیل دیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔　　دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۲۴ جنوری ۱۹۳۴ء

ثبت تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر بابت منظوری رخصت مزید رعایتی ایک ماہ مطلوبہ بابو انوکل پرشاد ہیڈ کلرک کنٹرول خانہ مشاہرہ دار پچاسی روپیہ از ۱۹ دسمبر ۱۹۳۳ء بوجہ بقائے علالت نامبردہ۔

حکم

حسب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس۔ انوکل پرشاد ہیڈ کلرک کنٹرول خانہ کی مزید رخصت رعایتی من ابتدائے ۱۹ دسمبر ۱۹۳۳ء تا نہایت ۱۸ جنوری ۱۹۳۴ء ایک ماہ کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

برخاستگی

۲۴ جنوری ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر دربارہ اجرائے احکام برخاستگی بابو نوکل پرشاد فیٹر تنخواہ دار بیاسی روپیہ ماہوار جو بوجہ امراض ناقابل انجام دہی خدمات ہوگئے ہیں اور کنول خانہ میں اب فیٹر اور رنگ ساز کافی ہوگئے ہیں

حکم

حسب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر۔ بابو نوکل پرشاد فیٹر تنخواہ دار بیاسی روپیہ کو ملازمت سے برخاست کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

اضافہ

۲۴ جنوری ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر دربارہ اجرائے احکام اضافہ پندرہ روپیہ ماہوار در تنخواہ سید وہاب علی فیٹر تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار ملازم کنول خانہ جو اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نے منظور فرمالیا ہے۔ اور بجٹ کنول خانہ میں اس اضافہ کی گنجائش ہے۔

حکم

بموجب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر حسب منشائے ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

مورخہ ۲۰ جنوری ۱۹۳۳ء

مسودہ تحریر فارصاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر مع یادداشت صاحب ڈپٹی سکرٹری صدر دربارہ منظوری رخصت آٹھ یوم بوضع نصف تنخواہ مطلوبہ منشی برج راج سرن اہلمد پیشی صدر مشاہرہ دار ... از ۹ لغایت ۱۶ جنوری ۱۹۳۳ء بوجہ آشوب چشم بذمہ داری منشی منی لال اہلمد صدر دمعاوضت۔

حکم

بموجب یادداشت ڈپٹی سکرٹری صاحب و تصدیق اکاؤنٹنٹ جنرل منشی برج راج سرن اہلمد پیشی صدر کی بوجہ آشوب چشم رخصت آٹھ یوم بوضع نصف تنخواہ ۹ جنوری ۱۹۳۳ء سے منظور کیجاتی ہے۔

کاغذات بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

منسوخی رخصت

سید یوسف حسین مدرس مدرسہ سینڈ کلیٹرہ تحصیل ٹانڈہ نے ایک ماہ کی رخصت از ۲۴ دسمبر ۱۹۳۲ء تا ۲۲ جنوری ۱۹۳۳ء بعوض بحالی رائے حاصل کی تھی۔ نامبردہ ۱۵ جنوری ۱۹۳۳ء کو حاضر مدرسہ ہوگیا۔ انسپکٹر صاحب مدارس نے استفادہ نہ کرنے کے باعث بقیہ نو یوم کی منسوخی رخصت کی رپورٹ کی ہے۔ لہذا بموجب رپورٹ نامبردہ کی رخصت از ۱۵ جنوری تا ۲۲ جنوری ۱۹۳۳ء بوجہ عدم استفادہ منسوخ کیجاتی ہے۔

سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۲ جنوری ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس بشیر احمد مدرس اول مدرسہ تحصیل بلاسپور تنخواہ چار روپیہ ماہوار کی رخصت عاجلی تین یوم از ۲۰ جنوری تا ۲۲ جنوری ۱۹۳۳ء بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۲ جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس حمید حسین مدرس مدرسہ حکیم گنج تحصیل سوار تنخواہ دس روپیہ ماہوار کی رخصت بوجہ بیماری چیچک پچیس یوم از ۲۲ جنوری تا ۱۵ فروری ۱۹۳۳ء بوضع نصف تنخواہ منظور ہے سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۲ جنوری ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس الیاس حسین انگلش ٹیچر پرانہ ٹنک کی رخصت عاجلی تین یوم از ۳ جنوری تا ۵ جنوری ۱۹۳۳ء بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۳ جنوری ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۱۰ جنوری ۱۹۳۴ء

مثل عرضی فرید الزماں خاں ٹریسپر باستدعاء رخصت مزید ۲ یوم از ۱۱ جنوری ۱۹۳۴ء۔

حکم

رخصت بوضع تنخواہ ۱۱ جنوری سے ۱۲ جنوری تک بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بیماری سائل کی منظور ہے احکام جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۱۹ جنوری ۱۹۳۴ء

مثل رپورٹ منشی بھوگی لال صاحب تحصیلدار شاہ آباد بابت اجازت استفادہ تعطیلات ۱۸ جنوری ۱۹۳۴ء و رخصت اتفاقیہ دو یوم ۲۱ و ۲۲ جنوری ۱۹۳۴ء

حکم

بعد حاضری دربار تین روز کی مورخہ ۱۸ و ۱۹ و ۲۰ جنوری ۱۹۳۴ء کی اجازت دیجاتی ہے اور مورخہ ۲۱ و ۲۲ جنوری ۱۹۳۴ء کی رخصت اتفاقیہ منظور کیجاتی ہے احکام جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۲۰ جنوری ۱۹۳۴ء

مثل درخواست خانصاحب بشیر حیدر ناظم مال حلقہ شمالی باستدعائے رخصت اتفاقیہ ۲ یوم ۲۲ و ۲۳ جنوری ۱۹۳۴ء

حکم

دو روز کی اتفاقیہ رخصت یعنی ۲۲ جنوری ۱۹۳۴ء اور ۲۳ جنوری ۱۹۳۴ء کی منظور کیجاتی ہے احکام جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۲۲ جنوری ۱۹۳۴ء

مثل تار مرسلہ خانصاحب سید بشیر حیدر ناظم حلقہ شمالی باستدعاء رخصت ایک یوم۔

حکم

بسلسلہ رخصت گذشتہ خانصاحب سید بشیر حیدر ناظم مال حلقہ شمالی کی ایک یوم کی رخصت اتفاقیہ برائے ۲۴ ماہ حال منظور ہے۔ بغرض اجراء صدر کو مرسل ہو۔

دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر

انتظام

۲۳ جنوری ۱۹۳۴ء

منشی سید باقر علیخاں سید کلرک دفتر انگریزی ۲۵ ماہ حال سے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے ہمراہ کیمپ میں رہکر کام کریں۔ ان کے بجائے منشی بانکے بہاری لال صاحب [illegible] بی۔ اے [illegible] وغیرہ انگریزی دفتر [illegible] میں کام کریں۔ تا واپسی [illegible] یہ انتظام رہے۔ بغرض اجراء صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب [illegible]

حکم عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور- واقع ۲۴ جنوری ۱۹۳۴ء

اجلاس مسٹر معظم علی خان صاحب بہادر چیف جسٹس

مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدائے ۱۹ جنوری ۱۹۳۴ء لغایت ۲۴ جنوری ۱۹۳۴ء ہوئی ۔ اور ۲۵ جنوری سنہ حال کو تعطیل ہے اس وجہ سے ۲۵ جنوری سنہ حال کے سو موده مقدمات ۲۰ جنوری سنہ حال کو پیش ہو گئے فہرست پیشی مقدمات منسلکہ ہذا برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۹ جنوری ۱۹۳۴ء	جمعہ				تعطیل
۲۰ جنوری ۱۹۳۴ء	شنبہ				تعطیل بسنت پنچمی
۲۱ جنوری ۱۹۳۴ء	یکشنبہ				تعطیل اتفاقیہ
۲۲ جنوری ۱۹۳۴ء	دوشنبہ	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	حاجی حبیب اللہ بنام شریف احمد-	اپیل دیوانی دعوی ۱۸/ زر قرضہ	برائے سماعت ۱۰ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	حافظ نظیر حسین بنام لطافت حسین	اپیل دیوانی دعوی ۲۰ سے	برائے سماعت یکم فروری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بذریعہ مسماۃ ضیا بنام میلوا وغیرہ	ابتدائی بیشی جرم دفعہ ۳۰۲ و ۳۰۸	تعمیل صفائی پیش کرنے کے واسطے ۲۹ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بذریعہ بیکی بنام شفیع وغیرہ	ابتدائی بیشی جرم دفعہ ۳۰۲ و ۳۰۸	تعمیل صفائی پیش کرنے کے واسطے ۳۰ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	شیر سنگھ وغیرہ بنام کستوری سنگھ وغیرہ	ابتدائی دعوی دخلد ہائی جائداد	برائے داخل بیان تحریری ۲۶ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	اسد لو سرن بنام للتا پرشاد	اجرا اسپیل زر خرچہ	وارنٹ گرفتاری مدیون جاری کرنے کے واسطے حکم صادر ہوا اور واسطے پیشی ۲۶ فروری سنہ حال مقرر ہوئی

[illegible]	دوشنبہ	مسٹر جسٹس بابو گنیش گنند کشور صاحب بہادر	محمد حسین خان بنام تبو خان وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی حق شفع	بوجہ عدم ادخال بیان تحریری ۱۰ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	کنیز بیگم بنام محمد رضا خان وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق	برائے سماعت ۴ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر مظہر علی خان صاحب چیف جسٹس و مسٹر جسٹس بابو گنیش گنند کشور صاحب بہادر	مرلی منوہر بنام رومادی	اپیل دیوانی دعوے ال...	مسٹر جسٹس بابو گنیش گنند کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں اسوجہ سے برائے سماعت ۲۰ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر مظہر علی خان صاحب بہادر چیف جسٹس	محمد سمیع بنام ٹیکا رام	درخواست منتقلی مقدمہ	زیر تجویز
"	"	"	پتن بیگم بنام سمیع اللہ خان	اپیل دیوانی صیغہ اجرا عذرداری	برائے سماعت ۷ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	عنایت اللہ بنام سید گوہر علی	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت	نگرانی نامنظور ہوئی
"	"	"	لتا پرشاد بنام بابو باسدیو شنکر	اپیل دیوانی دعوی بیع	اپیل نامنظور ہوا
"	"	مسٹر جسٹس بابو گنیش گنند کشور صاحب بہادر	بابو رام بنام ساہو کلاوتی	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible]	مسٹر جسٹس گنیش گنند کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں اسلئے ۲۰ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	لالہ رتن لال بنام موہن لال	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible]	مسٹر جسٹس گنیش گنند کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں اسلئے ۲۰ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بنام شیام لال وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲/۳۴ ت	شیام لال و بابو رام ملزمان جرم دفعہ ۳۰۲/۳۴ ت سے بری کیے گئے
۱۹ جنوری	سہ شنبہ	"	سرکار بذریعہ ساہو تیا بنام پہلوا وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۹۶ ت	بقیہ صفائی پیش کرنیکے واسطے ۲۰ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بذریعہ سکی بنام شفیع وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۹۶ ت	بقیہ صفائی پیش کرنیکے واسطے ۲۰ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی

۱۹ جنوری	[illegible]	مسٹر سعادت علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس بابو گگنند کشور صاحب بہادر	مساۃ اکبری بیگم بنام مساۃ محمدی بیگم وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی دین مہر	مسٹر جسٹس بابو گگنند کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں اس لئے برائے سماعت ۱۵ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
		مسٹر جسٹس بابو گگنند کشور صاحب بہادر	سندری لال وغیرہ بنام رام غلام وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی مالیتی ۱۲/۱۰	مسٹر جسٹس بابو گگنند کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں اس وجہ سے برائے سماعت ۲۴ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
۲۰ جنوری	چہار شنبہ	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	سرکار بذریعہ مساۃ نسیا بنام پہلوا وغیرہ	ابتدائی پیشی جرم دفعہ ۳۰۲ ت	بقیہ صفائی پیش کرنیکے واسطے ۲۷ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	،،	سرکار بہادر بذریعہ سکھی بنام شفیع وغیرہ	ابتدائی پیشی جرم دفعہ ۳۰۲ ت	بقیہ صفائی پیش کرنیکے واسطے ۲۷ جنوری سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	مسٹر سعادت علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	کیلاشوتی بنام کنھی لال	نگرانی دیوانی دعوے فک رہن	نقل پیش کرنیکے واسطے حکم صادر ہوا
،،	،،	مسٹر سعادت علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس بابو گگنند کشور صاحب بہادر	عبدالرحیم بنام سیتا	اپیل دیوانی نسبت منظوری رپورٹ اہل کمیشن	مسٹر جسٹس بابو گگنند کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں اس لئے برائے سماعت ۲ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	مسٹر جسٹس بابو گگنند کشور صاحب بہادر	حافظ غلام مولی بنام بیگا وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی دخل جائداد	مسٹر جسٹس گگنند کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں اس لئے برائے سماعت ۶ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	،،	سندری لال بنام غلام غوث	اپیل دیوانی دعوی مالیتی ۱۲/۱۰	مسٹر جسٹس گگنند کشور صاحب بہادر رخصت پر ہیں اس لئے برائے سماعت ۳ فروری سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	مسٹر سعادت علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	محمد سمیع بنام جگا رام	درخواست منتقلی مقدمہ	درخواست منظور ہوکر مقدمہ منتقل کیا گیا
۲۱ جنوری	پنجشنبہ	مسٹر سعادت علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	بانکے خاں وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ (۳۵۵، ۳۵۷) تعزیرات رامپور	بوجہ تعطیل ۲۷ جنوری سنہ حال کو یہ مقدمہ پیش ہوگا
،،	،،	مسٹر سعادت علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس بابو گگنند کشور صاحب بہادر	مساۃ اکبری بیگم بنام مساۃ محمدی بیگم وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق	بوجہ تعطیل ۲۷ جنوری سنہ حال کو یہ مقدمہ پیش ہوگا

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

حکم اجلاس صاحب کمشنر ولر بہادر ہاوس ہولڈ

جرمانہ

۱۵ جنوری ۱۹۳۴ء

ثبتہ رپورٹ انچارج مینجر صاحب مطبع سرکاری دربارہ تحقیقات متعلق غلطی کتابت پچاسی روپیہ بجائے ایک صد روپیہ مضمون حسابی بالمقابل مندرجہ حکم اجلاس ہمایون مورخہ ۱۱ جنوری ۱۹۳۴ء جو گزٹ نمبر ۲ جلد ۲۳ مطبوعہ ۱۳ جنوری ۱۹۳۴ء میں شائع ہوا ہے۔ مع تفصیل اسمائے اہلکاران متعلق۔

شفیق الغنی پروف ریڈر۔ شریف احمد خان ہیڈ خوشنویس۔ سید احمد خوشنویس۔

حکم

اس دفعہ صرف پروف ریڈر پر ایک روپیہ جرمانہ اور کاتب و ہیڈ کاتب پر آٹھ آٹھ آنہ جرمانہ کیا جاتا ہے آئندہ سخت احتیاط رکھی جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کمشنر ولر بہادر ہاوس ہولڈ

حکم صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر

۲۲ جنوری ۱۹۳۴ء

بموجب تصدیق جناب صاحب اسسٹنٹ سرجن بہادر رخصت رعایتی ۵ یوم محمد شفیع خاں اہلمد صدر زائد مستاجرہ جو رہا ہوا اور بوجہ شادی ہمشیرہ خود یوم استفادہ سے بعدہ اری منشی مختیار الدین اہلمد سوار منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب ڈپٹی سکریٹری صدر)

نقشہ اجناس ریاست رامپور - بابتہ ہفتہ چہارم ماہ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳ ؍ ۱۰۱۴ ؍		۱۳ ؍	۱۳ ؍ ۱۴ ؍	۱۶ ؍	۱۶ ؍	تحصیل شاہ آباد سے نقشہ موصول نہیں ہوا۔
نخود نالس	۱۵ ؍		۱۰۱۴ ؍	۱۹ ؍	۱۸ ؍	۱۶ ؍	
نخود گشتہ آمیز	۱۶		۱۵ ؍	۲۰ ؍	۲۱ ؍	۱۰۱۸ ؍	
[illegible]ت	۱۹ ؍		۱۶ ؍	۲۲ ؍	۱۲ ؍	۱۹ ؍	
[illegible]شش	۱۰۱۵ ؍		۱۴ ؍	۱۵ ؍	۱۶ ؍	۱۵ ؍	
مونگ	۱۵ ؍		۰	۱۴ ؍	۱۵ ؍	۱۳ ؍	
[illegible]کا	۲۱ ؍		۱۹ ؍ ۲۰	۱۹ ؍	۲۰ ؍	۲۰ ؍	
[illegible]جی	۲۱ ؍				۲۳ ؍	۲۳ ؍	
[illegible]					۱۸ ؍	۱۸ ؍	
عدس	۱۴ ؍				۱۶ ؍	۱۴ ؍	
[illegible]ہیر	۱۴ ؍				۱۴ ؍	۱۴ ؍	
برنج	۱۰ ؍		۱۲ ؍ ۱۱	۱۱ ؍ ۱۲	۱۱ ؍	۱۱ ؍	
روغن زرد	۳ چھٹانک		۳ چھٹانک	۳ "	۳ چھٹانک	۳ "	
روغن سیاہ	۳ ؍		۳ ؍	۴ ؍	۳ ؍	۳ ؍	
روغن کنجد	۳ ؍		۲ ؍	۳ ؍	۳ ؍	۲ ؍	
نمک سانبھر	۹ ؍		۸ ؍	۹ ؍	۱۰ ؍	۹ ؍	
نمک لاہوری	۵ ؍		۴ ؍	۶ ؍		۸ ؍	
قند سیاہ	۴ ؍		۱ ؍	۴ ؍	۴ ؍	۴ ؍	
شکر	۸ ؍		۷ ؍	۸ ؍	۳۰ ؍	۸ ؍	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

...متعلقہ ریاست رامپور ماہواری نومبر سنہ ۳۳ء

کیفیت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تفصیل امراض				تفصیل مذہب		میزان		۱۲ سال سے زیادہ		۵ سال سے ۱۲ سال تک		ایک سال سے ۵ سال تک		تفصیل بہ سبب		میزان	عورت		...رد		
۲۷	۲۶	۲۵			۲۲	۲۱	۲۰	۱۹	۱۸	۱۷	۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کوتوالی
	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]		۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	گنج
	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	حوالی شہر
	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	عظیم نگر
	[illegible]	۰	۰	۰	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	شاہ آباد
	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	پٹوائی
	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ملک
	[illegible]	۰	۰	۰	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	بلاسپور
	[illegible]	۰	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیمری
	[illegible]	۰	۰	۰	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سوار
	[illegible]	۰	۰	۰	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ٹانڈہ
	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان